Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۵ } مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۶ ربیع الثانی ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۹ اگست ۱۹۳۳ء { جلد ۲۵

حصہ اوّل

خلاصہ احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	تفویض کار زمرہ توپ خانہ بہ کمانڈنگ افسر صاحب تھرڈ رامپور رفعت انفنٹری۔	۱
۲	تفویض عمل صفائی قلعہ بکمانڈنٹ صاحب فورٹ۔	ر
۳	رخصت منشی کنہیا لال ناظر اجلاس ہمایون	ر
۴	منظوری تجویز کمیٹی متعلق خورشید کرس سکول	۲
۵	اضافہ سید عظمت شاہ صاحب پیشکار رضاکر دلربا بادشن مولوی	ر
۶	عطائے اختیارات مجسٹریان حلقہ جنوبی شمالی (مثل حکام عدالت)	ر

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- مورخہ ۱۲ اگست ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم)

مرتبہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر بذیل کرنل سید محمد شاہ صاحب کی واپسی تک بطور انچارج آرمی منسٹر بہادر شدہ ہیں کہ صوبیدار کلن خان کو بحیثیت انچارج کمانڈنگ افسر "توپ خانہ" کام کرنے کا حکم شرف نفاذ پائے

کمانڈنگ افسر تھرڈ رامپور رفعت انفنٹری کو انچارج "توپ خانہ" بھی کر دیا جائے۔ وہ دونوں زمرہ دونوں فی الحال کام کریں گے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

بجنسہ بشمول حکم ہمایوں سرشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے ۱۲ اگست ۱۹۳۳ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:- مورخہ ۱۲ اگست ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ عملہ صفائی "ماتحت قلعہ" باتحتی کمانڈنٹ فورٹ رہے گا۔ اور کمانڈنٹ فورٹ کو افسر صیغہ کے اختیارات اپنے ماتحت عملہ صفائی پر رہیں گے۔ عملہ صفائی ما سورہ خاص باغ باتحتی کمانڈنٹ خاص باغ رہے گا۔ اور کمانڈنٹ خاص باغ کو افسر صیغہ کے اختیارات رہیں گے۔

اب تک برآورد عملہ صفائی یکجائی ہے۔ آئندہ سے قلعہ کے ملازمان صفائی کی برآورد علیحدہ کر دی جائے اور خاص باغ کے ملازمان صفائی کی برآورد علیحدہ کر دی جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے تعمیل حسب صراحت بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

بجنسہ بشمول حکم سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

۱۲ اگست ۱۹۳۳ء (دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم:- مورخہ ۱۲ اگست ۱۹۳۳ء

مرتبہ عرضی منشی کنہیا لال ناظر اجلاس ہمایوں بدرخواست منظوری رخصت اتفاقیہ چار یوم از ۱۴ لغایتہ ۱۷ اگست ۱۹۳۳ء برائے تصفیہ معاملات شادی دختر خود بمقام سہارنپور

حکم

منشی کنہیا لال ناظر اجلاس کی چار روز کی رخصت منظور ہے۔ ایام رخصت میں منشی سید اشرف علی کام نظارت کے ذمہ دار رہیں گے۔ سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(زبانی آرڈر)

(دستخط صاحب فائنانس منسٹر بہادر)

حکم:-

واقع ۱۴؍ اگست ۱۹۳۳ء

بوجب رزولیوشن نمبر ۳ مجلس انتظامیہ
خورشید گرلس سکول منعقدہ ۱۰؍ اگست ۱۹۳۳ء

…شدہ منظور ہے۔ بوجب تجویز کمیٹی کارروائی کیجائے۔ کاغذات
…ے کارروائی صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

(حسب الحکم)
دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

بوجب تجویز کمیٹی انتظامیہ گرلس اسکول ثریا جہاں بیگم معلمہ
…شریف شاہ نمبر دار تیس روپیہ ماہوار کی جگہ دو استانیان
…دو پندرہ پندرہ روپیہ کی قرآن شریف پڑھانے کے لئے رکھی جانا
منظور ہیں۔ آئندہ سے ثریا جہاں بیگم کو پندرہ روپیہ ملیں گے۔
…ایک استانی اسی تنخواہ کی اور رکھ لیجائے۔ اور استانی
…وا دیوی ہندی ٹیچر کو بجائے پچیس روپیہ ماہوار کے تیس
روپیہ ملیں گے۔ یکم اگست ۱۹۳۳ء سے اس کا عملدرآمد کیا جائے
سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
۱۸؍ اگست ۱۹۳۳ء (دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر)

حکم:-

واقع ۱۹؍ اگست ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

مراسلہ یادداشت صاحب چیف منسٹر بہادر مع تحریر
صاحب کمشنر دربار بہادر ہاؤس ہولڈ سعد تہ صاحب
ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر باشد عائے اضافہ تنخواہ
سید عظمت شاہ ہیڈ کلرک کمشنر دولت خانہ شاہی
پچیس روپیہ۔ از رقم بحث منجملہ بقیہ
ماہوار منظور شدہ بابت آسامیان جدید کارخانہ

دا انگلش کلرک محکمہ
سید عظمت شاہ ہیڈ کلرک صاحب کمشنر دربار بہادر ہاؤس ہولڈ

کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ اضافہ دیا جانا منظور ہے۔ کاغذات
برائے کارروائی اجرائے احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر
کے پاس مرسل ہوں۔

بنتائے حکم ہمایوں سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں
۱۹؍ اگست ۱۹۳۳ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:-

واقع ۱۷؍ اگست ۱۹۳۳ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ بوجب رپورٹ
مسٹر مجسٹریٹ حلقہ جنوبی اور شمالی کو شل حکام
عدالت اختیارات عطا کئے جاتے ہیں کہ بیس روپیہ
تک مصارف کی منظوری دے سکتے ہیں اور پندرہ روپیہ
تنخواہ تک تقرر اور اسی تنخواہ کے ملازم کا تبادلہ برخاستگی
تنزل اور رخصت منظور کر سکتے ہیں۔ پندرہ روپیہ
تک کے ملازم پر دو (پانچ روپیہ) جرمانہ کرنے کے
مجاز کئے جاتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام
ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔
ایک نقل اس روبکار کی درج گزٹ کیجائے

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

بنتائے حکم ہمایوں سررشتہ سے احکام ضابطہ
جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔

۱۷؍ اگست ۱۹۳۳ء